| | |
|---|---|
| فَقَضٰهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ | پھر بنا دیا اس نے انہیں سات آسمان |
| فِیْ یَوْمَیْنِ وَاَوْحٰی فِیْ كُلِّ سَمَآءٍ | دو دنوں میں اور وحی کر دیا ہر آسمان میں |
| اَمْرَهَا ؕ وَ زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا | اس کا قانون اور آراستہ کر دیا ہم نے آسمانِ دنیا کو |
| بِمَصَابِیْحَ ۖۗ وَحِفْظًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ | چراغوں سے اور خوب محفوظ کر دیا ۔ یہ منصوبہ ہے |
| الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۝١٢ | ایک زبردست ہستی کا جو علیم بھی ہے ۝١٢ |
| فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ | پھر اگر یہ منہ موڑیں تو کہو میں تمہیں ڈراتا ہوں |
| صٰعِقَةً مِّثْلَ | اچانک ٹوٹ پڑنے والے عذاب سے ویسا ہی |
| صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ ۝١٣ | عذاب جو ٹوٹ پڑا تھا عاد اور ثمود پر ۝١٣ |
| اِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ | جب آئے تھے ان کے پاس رسول آگے سے بھی |
| وَمِنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا | اور پیچھے سے بھی (اور انہیں سمجھایا) کہ نہ عبادت کرو کسی کی |
| اِلَّا اللّٰهَ ؕ قَالُوْا لَوْ شَآءَ رَبُّنَا | سوائے اللہ کے ۔ انہوں نے کہا کہ اگر چاہتا ہمارا رب |
| لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً فَاِنَّا | تو نازل کر سکتا تھا فرشتے ، لہٰذا ہم |
| بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ۝١٤ | اس کا ـــ جو تم دے کر بھیجے گئے ہو ـــ انکار کرتے ہیں ۝١٤ |
| فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِی الْاَرْضِ | پس عاد کا حال یہ تھا کہ وہ بڑے بن بیٹھے تھے زمین میں |
| بِغَیْرِ الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ؕ | بغیر کسی حق کے اور کہنے لگے کون ہے زیادہ ہم سے قوت میں ؟ |
| اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِیْ | کیا نہیں دیکھا انہوں نے کہ بے شک اللہ جس نے |
| خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ | پیدا کیا ہے انہیں وہ کہیں زیادہ ہے ان سے قوت میں ؟ |
| وَكَانُوْا بِاٰیٰتِنَا یَجْحَدُوْنَ ۝١٥ | اور وہ ہماری آیات کا انکار کرتے رہے ۝١٥ |

